۱۱	تَدْرُوْنَ	[د ر ی] دَرٰی یَدْرِیْ (ض) فعل مضارع۔ جمع مذکر حاضر [بالواسطہ کسی چیز کا علم یا سمجھ حاصل ہونا۔ جاننا اور سمجھنا]
۱۱	فَرِیْضَۃً	مفعول مطلق ہے۔ اصل میں فُرِضَ فَرِیْضَۃً ہے معنی ہو گا [اسے فرض قرار دیا گیا ہے جس طرح فرض قرار دیئے جانے کا حق ہوتا ہے۔ یعنی یہ بہت اہم فریضہ ہے]
۱۲	یُوْصِیْنَ	[و ص ی] اَوْصٰی یُوْصِیْ (افعال) فعل مضارع۔ جمع مونث غائب [وصیت کرنا۔ مرتے وقت نصیحت کرنا]
۱۲	تُوْصُوْنَ	[و ص ی] اَوْصٰی یُوْصِیْ (افعال) فعل مضارع۔ جمع مذکر حاضر [وصیت کرنا]
۱۲	یُوْرَثُ	[و ر ث] وَرِثَ یَرِثُ مضارع مجہول [وارث بننا]
۱۲	مُضَآرٍّ	[ض ر ر] ضَارَّ یُضَارُّ (مفاعلہ) اصل میں ضَارَرَ یُضَارِرُ تھا۔ اسم الفاعل [ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا] مُضَارٍّ اصل میں مُضَارِرٌ تھا یعنی مرنے والا اپنے مال میں ۳/۱ سے زیادہ وصیت کر کے وارثوں کو نقصان نہ پہنچائے۔ بعض کے نزدیک یہ اصل میں مُضَارَرٌ یعنی اسم المفعول ہے۔ اس صورت میں معنی ہو گا "کسی کو نقصان نہ پہنچایا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		جائے" غَیْرَ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔
۱۳	یُطِعِ	[ط و ع] اَطَاعَ یُطِیْعُ (افعال) اصل میں اَطْوَعَ یُطْوِعُ تھا مَنْ (حرف شرط) کی وجہ سے یُطِیْعْ ہوا۔ دو ساکن اکٹھے ہونے کی وجہ سے حرف علت ساقط ہوا یُطِعْ ہو گیا اور اگلے لفظ کے ساتھ ملا کر پڑھنے کے لیے آخر میں ـِ دی گئی [اطاعت کرنا۔ خوشی سے کہا ماننا]
۱۴	مَنْ یَّعْصِ	[ع ص ی] عَصٰی یَعْصِیْ (ض) مَنْ (حرف شرط) کی وجہ سے یَعْصِیْ کے آخر سے حرف علت ساقط ہوا تو یَعْصِ ہو گیا۔ واضح رہے حالت جزم میں آخر سے حرف علت ساقط ہو جاتا ہے۔ [نافرمانی کرنا]
۱۴	یَتَعَدَّ	[ع د و] تَعَدّٰی یَتَعَدّٰی (تفعل) اصل میں تَعَدَّوَ یَتَعَدَّوُ تھا یَتَعَدَّ کا یَعْصِ پر عطف ہے اس لیے یَتَعَدّٰی کی بجائے یَتَعَدَّ ہو گیا [احکام الٰہی سے تجاوز کرنا]
۱۴	یُدْخِلْهُ	یُدْخِلْ + ہُ [د خ ل] اَدْخَلَ یُدْخِلُ (افعال) جواب شرط ہونے کی وجہ سے یُدْخِلْ حالت جزم میں ہے [داخل کرنا]
۱۴	مُهِیْنٌ	[ھ و ن] اَهَانَ یُهِیْنُ (افعال) اسم الفاعل [نظروں سے گرا دینا۔ بے قدر کر دینا۔ ذلیل و رسوا کر دینا]
۱۵	فَاسْتَشْهِدُوْا	فَ + اِسْتَشْهِدُوْا [ش ھ د] اِسْتَشْهَدَ یَسْتَشْهِدُ (استفعال) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [گواہی طلب کرنا۔ گواہ بنانا]
۱۵	یَتَوَفّٰهُنَّ	یَتَوَفّٰی + هُنَّ [و ف ی] تَوَفّٰی یَتَوَفّٰی (تفعل) [پورا پورا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		لینا۔ شعور اور لاشعور دونوں کو قبض کرلینا۔ فوت کرنا]
۱۶	يَأْتِيٰنِهَا	يَأْتِيَانِ + هَا [ء ذ ی] اَتٰی يَاْتِیْ (ض) فعل مضارع۔ تثنیہ مذکر حاضر۔ هَا ضمیر کا مرجع اَلْفَاحِشَةَ ہے [کسی خاص مقصد کے لیے آنا۔ ارتکاب کرنا]
۱۶	فَاٰذُوْهُمَا	فَ + اٰذُوْ + هُمَا [ء ذ ی] ءَاذٰی (اٰذٰی) يُؤْذِیْ (افعال) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [ہلکی تکلیف دینا۔ وہ ذہنی بھی ہو سکتی ہے اور جسمانی بھی]
۱۸	تُبْتُ	[ت و ب] تَابَ يَتُوْبُ (ن) فعل ماضی۔ واحد متکلم۔ جس طرح قَالَ سے قُلْتُ [توبہ کرنا۔ اللہ کی طرف رجوع کرنا]
۱۹	اَنْ تَرِثُوْا	اَنْ + تَرِثُوْا [و ر ث] وَرِثَ يَرِثُ (ح) "تَرِثُوْا" اصل میں تَرِثُوْنَ تھا۔ اَنْ کی وجہ سے نَ ساقط ہو گیا ہے [وارث بننا]
۱۹	كَرْهًا	حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [اس حال میں کہ یہ بات انہیں ناپسند ہو]
۲۰	وَعَاشِرُوْهُنَّ	وَ + عَاشِرُوْ + هُنَّ [ع ش ر] عَاشَرَ يُعَاشِرُ (مفاعلہ) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [ایک دوسرے کے ساتھ زندگی بسر کرنا]
۲۰	كَرِهْتُمُوْهُنَّ	كَرِهْتُمْ + وْ + هُنَّ [ک ر ہ] كَرِهَ يَكْرَهُ (س) [ناپسند کرنا] كَرِهْتُمْ کے بعد واوٴ کا اضافہ Rythum درست کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔
۲۰	اَرَدْتُّمْ	[ر و د] اَرَادَ يُرِيْدُ (افعال) اصل میں اَرْوَدَ يُرْوِدُ تھا۔ فعل ماضی۔ جمع مذکر حاضر [ارادہ کرنا۔ کسی خیال کا دل میں آنا جانا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۲۰	اِسْتِبْدَالَ	[ب د ل] اِسْتَبْدَلَ یَسْتَبْدِلُ (استفعال) کا مصدر ہے۔ مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے [بدلے میں لینے کی خواہش کرنا]
۲۰	بُهْتَانًا	حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [ایسا الزام جسے سن کر انسان حیران و ششدر رہ جائے]
۲۰	اِثْمًا	حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے [ایسا گناہ جس کا تعلق حقوق العباد سے ہو]
۲۱	اَفْضٰی	[ف ض ی] اَفْضٰی یُفْضِیْ (افعال) فَضَاءٌ وسیع جگہ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس کی مناسبت سے معنی ہوگا [اپنا ہاتھ کسی جگہ پر پہنچانا یعنی کسی کو اپنی دسترس میں لینا۔ کنایہ ہے جماع کرنے سے]
۲۲	فَاحِشَةً	کَانَ کی خبر ہے اس لیے منصوب ہے [حد سے بڑھا ہوا برا کام]
۲۳	اَرْضَعْنَكُمْ	اَرْضَعْنَ + كُمْ [ر ض ع] اَرْضَعَ یُرْضِعُ (افعال) فعل ماضی۔ جمع مونث غائب [دودھ پلانا]
۲۳	دَخَلْتُمْ بِهِنَّ	دَخَلْتُمْ + بِ + هِنَّ ۔ دَخَلَ کے بعد بِ (Preposition) آئے تو معنی ہوگا [دخول کرنا یعنی جمع کرنا]
۲۳	فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا	فَ + اِنْ + لَمْ + تَكُوْنُوْا [ک و ن] كَانَ یَكُوْنُ (ن) "تَكُوْنُوا" اصل میں تَكُوْنُوْنَ تھا لَمْ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [ہونا]
۲۳	غَفُوْرًا رَّحِيْمًا	دونوں كَانَ کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		ہیں۔ غَفُوْرًا یعنی گناہوں کی سزا معاف کرنے والا۔ رَحِیْمًا یعنی نیکیوں کے صلے میں رحمتوں سے نوازنے والا۔
۲۴	اَلْمُحْصَنٰتُ	[ح ص ن] اَحْصَنَ یُحْصِنُ (افعال) اسم المفعول اَلْمُحْصَنَۃُ کی جمع ہے۔ حِصْنٌ قلعہ کے لیے استعمال ہوتا ہے اسی سے اَحْصَنَ محفوظ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے چنانچہ معنی ہو گا [ایسی عورتیں جن کو لونڈیوں کے مقابلہ میں معاشرتی تحفظ حاصل ہو یعنی آزاد عورتیں۔ شادی سے بھی چونکہ عورت کو سماجی و جنسی تحفظ حاصل ہو جاتا ہے اس لیے شادی شدہ عورتوں کے لیے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہاں اسی معنی میں استعمال ہوا ہے جب کہ آگے آیت نمبر ۲۵ میں پہلے معنی میں استعمال ہو رہا ہے۔]
۲۴	مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ	مَلَکَتْ + اَیْمَانُ + کُمْ ۔ "اَیْمَانٌ" یَمِیْنٌ کی جمع ہے۔ جو دائیں ہاتھ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ معنی ہو گا [تمہارے دائیں ہاتھ جن کے مالک ہیں یعنی جو تمہاری تحویل (Custody) میں ہیں مراد لونڈیاں]
۲۴	کِتٰبَ اللّٰہِ	کِتٰبَ + اَللّٰہِ مفعول مطلق (تاکیدی مصدر ہے۔ پوری عبارت یوں ہے "کُتِبَ عَلَیْکُمْ کِتَابَ اللّٰہِ" یعنی [یہ سب کچھ اللہ کی طرف سے تم پر اس طرح فرض کیا گیا ہے جس طرح کہ فرض کرنے کا حق ہوتا ہے]
۲۴	اُحِلَّ	[ح ل ل] اَحَلَّ یُحِلُّ (افعال) اُحِلَّ اصل میں اُنْزِلَ کی طرح اُحْلِلَ تھا۔ ادغام کے بعد اُحِلَّ ہو گیا۔ ماضی مجہول۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		واحد مذکر غائب [حلال کرنا]
۲۴	اَنْ تَبْتَغُوْا	اَنْ + تَبْتَغُوْا [ب غ ی] اِبْتَغٰی یَبْتَغِیْ (افتعال) فعل مضارع منصوب۔ اَنْ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے۔
۲۴	مُحْصِنِیْنَ	[ح ص ن] اَحْصَنَ یُحْصِنُ (افعال) اسم الفاعل مُحْصِنٌ کی جمع۔ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [کسی کو اپنی حفاظت میں لینا۔ سماجی و جنسی تحفظ دینا]
۲۴	مُسٰفِحِیْنَ	[س ف ح] سَافَحَ یُسَافِحُ (مفاعلہ) اسم الفاعل [ایک دوسرے کے ساتھ مل کر شہوت پوری کرنے کے لیے منی کا پانی بہانا۔ یعنی نکاح کا مقصد عورت کو معاشرتی و جنسی تحفظ دینا ہو محض وقتی لذت حاصل کرنا نہ ہو]
۲۴	فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ	فَ + مَا + اِسْتَمْتَعْتُمْ [م ت ع] اِسْتَمْتَعَ یَسْتَمْتِعُ (استفعال) فعل ماضی۔ جمع مذکر حاضر [فائدہ حاصل کرنا۔ یہاں جنسی لذت حاصل کرنا مراد ہے]
۲۴	فَاٰتُوْهُنَّ	فَ + اٰتُوْ + هُنَّ [ء ت ی] اٰتٰی یُؤْتِیْ (افعال) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [دینا]
۲۴	تَرَاضَیْتُمْ	[ر ض ی] تَرَاضٰی یَتَرَاضٰی (تفاعل) فعل ماضی۔ جمع مذکر حاضر [ایک دوسرے سے راضی ہونا]
۲۵	لَمْ یَسْتَطِعْ	لَمْ + یَسْتَطِعْ [ط و ع] اِسْتَطَاعَ یَسْتَطِیْعُ (استفعال) "یَسْتَطِعْ" اصل میں یَسْتَطِیْعُ تھا۔ لَمْ (جازمۃ المضارع) کی وجہ سے یَسْتَطِیْعْ اور پھر یَسْتَطِعْ ہوا [خوشی سے یا آسانی سے کوئی کام کر سکنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۲۵	فَانْكِحُوْهُنَّ	فَ + اِنْكِحُوْ + هُنَّ [ن ک ح] نَكَحَ يَنْكِحُ (ض) فعل امر [نکاح کرنا]
۲۵	مُسٰفِحٰتٍ	[س ف ح] سَافَحَ يُسَافِحُ (مفاعلہ) اسم الفاعل مُسَافِحَةٌ کی جمع ہے۔ مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہے [ایک دوسرے سے مل کر مادہ شہوت بہانا۔ جنسی لذت حاصل کرنا]
۲۵	مُتَّخِذٰتِ	[ء خ ذ] اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ (افتعال) اسم الفاعل۔ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔ واضح رہے جمع سالم مونث حالت نصب میں ـِ کے ساتھ استعمال ہوتی ہے [بنانا۔ کسی چیز کو حاصل کرنا]
۲۵	اُحْصِنَّ	[ح ص ن] اَحْصَنَ يُحْصِنُ (افعال) ماضی مجہول۔ اُحْصِنَّ اصل میں اُحْصِنْنَ تھا۔ ایک نون اصلی اور ایک نون جمع مونث کا ہے۔ ادغام کے بعد اُحْصِنَّ ہو گیا [کسی کو اپنی حفاظت میں لینا۔ یہاں شادی کے ذریعہ جنسی تحفظ دینا مراد ہے]
۲۷	اَنْ تَمِيْلُوْا	اَنْ + تَمِيْلُوْا [م ی ل] مَالَ يَمِيْلُ (ض) فعل مضارع۔ اَنْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے [طبیعت کا جھکاؤ ہونا]
۲۹	تَرَاضٍ	[ر ض ی] تَرَاضٰى يَتَرَاضٰى (تفاعل) مصدر [باہمی رضا مندی]
۳۰	عُدْوَانًا	حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [ع د و] عَدَا يَعْدُوْ (ن) مصدر [زیادتی کرنا۔ مقرر کردہ حد سے آگے بڑھنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۳۰	ظُلْمًا	حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [ظ ل م] ظَلَمَ (ض) مصدر [حق تلفی کرنا]
۳۰	نُصْلِيْهِ	نُصْلِيْ + هِ [ص ل ی] اَصْلٰی يُصْلِيْ (افعال) فعل مضارع۔ جمع متکلم [سزا کے طور پر داخل کرنا]
۳۰	اِنْ تَجْتَنِبُوْا	اِنْ + تَجْتَنِبُوْا [ج ن ب] اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ (افتعال) فعل مضارع۔ اِنْ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [اجتناب کرنا To avoid]
۳۱	تُنْهَوْنَ	[ن ھ ی] نَهٰی يَنْهٰی (ف) مضارع مجہول۔ جمع مذکر حاضر [روکنا]
۳۱	نُكَفِّرْ	[ک ف ر] كَفَّرَ يُكَفِّرُ (تفعیل) فعل مضارع۔ جمع متکلم۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے حالت جزم میں ہے [اہتمام سے چھپانا۔ پردہ ڈالنا]
۳۲	لَا تَتَمَنَّوْا	[م ن ی] تَمَنّٰی يَتَمَنّٰی (تفعل) فعل نہی [عموماً جھوٹی خواہش کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے]
۳۲	اِكْتَسَبْنَ	[ک س ب] اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ (افتعال) فعل ماضی۔ جمع مونث غائب۔ [کمانا۔ کمانے کے لیے کوئی اہتمام کرنا]
۳۲	وَسْئَلُوْا	وَ + اِسْئَلُوْا [س ء ل] سَاَلَ يَسْاَلُ (ف) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [مانگنا۔ سوال کرنا]
۳۳	مَوَالِيَ	مَوْلٰی کی جمع ہے۔ یہ لفظ [و ل ی] سے ماخوذ ہے جو [قریب ہونا] کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ چنانچہ معنی ہو گا [اقرباء۔ قریبی رشتہ دار۔ مراد ہیں ورثاء]
۳۳	فَاٰتُوْهُمْ	فَ + اٰتُوْ + هُمْ [ء ت ی] اٰتٰی يُؤْتِيْ (افعال) فعل امر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		[دینا]
۳۴	قَوّٰمُوْنَ	[ق و م] قَامَ یَقُوْمُ (ن) سے فَعَّالٌ کے وزن پر اسم مبالغہ کی جمع ہے۔ اس کا صلہ (Preposition) عَلٰی آئے تو معنی ہوتا ہے [حفاظت و نگہبانی کرنا۔ ضرورتوں کا خیال رکھنا۔ نگہداشت کرنا]
۳۴	قٰنِتٰتٌ	[ق ن ت] قَنَتَ یَقْنُتُ (ن) اسم الفاعل قَانِتٌ کی مونث قَانِتَةٌ کی جمع ہے [خضوع کے ساتھ اطاعت و فرماں برداری کرنا]
۳۴	نُشُوْزَ	[ن ش ز] نَشَزَ یَنْشُزُ (ن) مصدر [ابھرنا۔ سر اٹھانا۔ بغاوت و سرکشی پہ اتر آنا]
۳۴	فَعِظُوْھُنَّ	فَ + عِظُوْ + ھُنَّ [و ع ظ] وَعَظَ یَعِظُ (ض) فعل امر عِظْ کی جمع ہے [کسی کے دل کو نرم کرنے کے لیے بھلائی کی بات کرنا۔ اجر و ثواب کے حصول کی ترغیب دینا]
۳۴	وَاھْجُرُوْھُنَّ	وَ + اُھْجُرُو + ھُنَّ [ھ ج ر] فعل امر [تعلقات یا وطن چھوڑنا۔ قطع تعلق کرنا]
۳۴	فَاِنْ اَطَعْنَکُمْ	فَ + اِنْ + اَطَعْنَ + کُمْ "اَطَعْنَ" [ط و ع] اَطَاعَ یُطِیْعُ (افعال) اصل میں اَطْوَعَ یُطْوِعُ تھا [خوشی سے کہا ماننا۔ اطاعت کرنا]
۳۴	فَلَا تَبْغُوْا	فَ + لَا + تَبْغُوْا [ب غ ی] بَغٰی یَبْغِیْ (ض) فعل نہی [حد سے تجاوز کرنے کی خواہش کرنا۔ حد سے تجاوز کرنے کا کوئی جواز تلاش کرنا]
۳۵	اِنْ یُّرِیْدَآ	اِنْ + یُرِیْدَا [ر و د] اَرَادَ یُرِیْدُ (افعال) فعل مضارع۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لغوی تشریح	کلمہ	آیت نمبر
تثنیہ مذکر غائب۔ اصل میں یُرِیْدَانِ تھا۔ اِنْ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [ارادہ کرنا۔ چاہنا]		
[و ف ق] وَفَّقَ یُوَفِّقُ (تفعیل) فعل مضارع۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے پہلے یُوَفِّقْ ہوا پھر اگلے لفظ کے ساتھ ملانے کے لیے آخر میں ـِ دی گئی اور یُوَفِّقِ پڑھا گیا [دو چیزوں کے درمیان موافقت اور ہم آہنگی پیدا کرنا]	یُوَفِّقِ	۳۵
[خ ی ل] اِخْتَالَ یَخْتَالُ (افتعال) اصل میں اِخْتَیَلَ یَخْتَیِلُ تھا۔ یَخْتَالُ سے اسم الفاعل مُخْتَالٌ بنا۔ کَانَ کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [خود کو بڑا اور افضل سمجھنے کا خیال دل میں لانے والا۔ خود پسند] یہ نفسیاتی و اندرونی کیفیت ہے۔	مُخْتَالاً	۳۶
[ف خ ر] فَخَرَ یَفْخَرُ (ف) سے اسم مبالغہ ہے [اترانا۔ شیخی بگھارنا] یہ مُخْتَالاً سے اگلی کیفیت ہے۔ یعنی نفسیاتی و اندرونی متکبرانہ خیالات کا اظہار خواہ قولاً ہو یا عملاً۔	فَخُوْرًا	۳۶
[ھ و ن] اَھَانَ یُھِیْنُ (افعال) اسم الفاعل [ذلیل و رسوا کرنا]	مُھِیْنًا	۳۷
رِئَاءَ + النَّاسِ "رِئَاءَ" مفعول لہ ہے یعنی [لوگوں کو دکھانے کی غرض سے]	رِئَآءَ النَّاسِ	۳۸
مَنْ + یَکُنِ [ک و ن] کَانَ یَکُوْنُ (ن) فعل مضارع۔ یَکُوْنُ سے مَنْ (جازمۃ المضارع) کی وجہ سے پہلے یَکُوْنْ ہوا پھر دو ساکن اکٹھے ہونے (اجتماع ساکنین) کی وجہ سے یَکُنْ ہوا۔ اور آگے ملانے کے لیے آخر میں ـِ دی گئی اور	مَنْ یَکُنِ	۳۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		یَکُنِ پڑھا گیا [ہونا]
۳۸	فَسَآءَ	فَ + سَاءَ [س و ء] سَاءَ یَسُوْءُ (ن) فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب [برا ہونا]
۳۹	اِنْ تَكُ	اِنْ تَكُ [ک و ن] كَانَ یَكُوْنُ (ن) فعل مضارع۔ تَكُ اصل میں تَكُوْنُ (واحد مونث غائب) تھا اِنْ کی وجہ سے تَكُوْنْ ہوا پھر تَكُنْ ۔ کسی لغوی وجہ سے نہیں محض تخفیف (To shorten) کی غرض سے آخر سے ن کو حذف کر دیا گیا ہے۔ واضح رہے یہ ن مادے کا (اصلی) ہے [ہونا]
۴۰	یُضٰعِفْهَا	یُضَاعِفْ + هَا [ض ع ف] ضَاعَفَ یُضَاعِفُ (مفاعلہ) فعل مضارع۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے یُضَاعِفْ حالت جزم میں ہے هَا کی ضمیر حَسَنَةً کی طرف لوٹ رہی ہے [کئی گناہ کرنا۔ بڑھانا چڑھانا To multiply]
۴۰	یُؤْتِ	[ء ت ی] ءَاتٰی (اٰتٰی) یُؤْتِیْ (افعال) یُضَاعِفْ پر عطف کی وجہ سے حالت جزم میں ہے [دینا]
۴۱	جِئْنَابِكَ	جِئْنَا + بِ + كَ "جِئْنَا" [ج ی ء] جَاءَ یَجِیْءُ (ض) فعل ماضی۔ جمع متکلم۔ بِ کی وجہ سے معنی ہو گا [لانا]
۴۲	عَصَوُا	[ع ص و] عَصَا یَعْصُوْ (ن) فعل ماضی۔ جمع مذکر غائب۔ آگے ملانے کے لیے عَصَوْا کو عَصَوُا پڑھا گیا [نافرمانی کرنا۔ معصیت کرنا]
۴۲	تُسَوّٰی	[س و ی] سَوّٰی یُسَوِّیْ (تفعیل) مضارع مجہول۔ واحد مونث غائب۔ اَلْاَرْضُ کی وجہ سے مونث کا صیغہ استعمال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		ہوا ہے [برابر کرنا]
۴۳	جُنُبًا	جُنُبٌ کی جمع ہے اور حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [وہ شخص جو مباشرت کے بعد حالت جنابت میں ہو]
۴۳	الْغَائِطِ	نشیبی زمین۔ کنایہ ہے قضائے حاجت سے۔
۴۳	لٰمَسْتُمُ	[ل م س] لَامَسَ يُلَامِسُ (مفاعلہ) فعل ماضی۔ جمع مذکر حاضر [ایک دوسرے کو چھونا۔ یہ مباشرت سے کنایہ ہے]
۴۳	فَتَيَمَّمُوْا	فَ + تَيَمَّمُوْا [ی م م] تَيَمَّمَ يَتَيَمَّمُ (تفعل) فعل امر [پانی کی عدم موجودگی یا کسی اور عذر کی بنا پر مٹی کا قصد کرنا]
۴۴	يَشْتَرُوْنَ	[ش ر ی] اِشْتَرٰی يَشْتَرِیْ (افتعال) فعل مضارع [ایک چیز کے بدلے میں دوسری چیز لینا۔ خریدنا]
۴۴	اَنْ تَضِلُّوا	اَنْ + تَضِلُّوْا [ض ل ل] ضَلَّ يَضِلُّ (ض) فعل مضارع تَضِلُّوْا اصل میں تَضِلُّوْنَ تھا۔ اَنْ کی وجہ سے نَ (نون اعرابی) گر گیا ہے [گمراہ ہونا۔ سیدھے راستے سے ہٹ جانا]
۴۶	غَيْرَ مُسْمَعٍ	غَيْرَ + مُسْمَعٍ [س م ع] اَسْمَعَ يُسْمِعُ (افعال) اسم المفعول غَيْرَ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [اس حال میں کہ تمہیں پہلے یہ بات نہیں سنائی گئی ہو گی یا تمہاری یہ بات سنی نہ جائے یعنی مقبول نہ ہو]
۴۶	وَرَاعِنَا	وَ + رَاعِ + نَا [ر ع ی] رَاعٰی يُرَاعِیْ (مفاعلہ) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر [رعایت کرنا۔ لحاظ رکھنا۔ خیال کرنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۴۶	لَيًّا	[ل و ی] لَوٰی یَلْوِیْ (ض) مصدر۔ حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے [سر یا زبان کو موڑنا۔ خم دینا]
۴۶	وَانْظُرْنَا	وَ + اُنْظُرْ + نا [ن ظ ر] نَظَرَ یَنْظُرُ (ن) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر [دیکھنا]
۴۷	فَنَرُدَّهَا	فَ + نَرُدَّ + هَا [ر د د] رَدَّ یَرُدُّ (ن) فعل مضارع۔ جمع متکلم۔ بعض اوقات فَ کے بعد اَنْ محذوف ہوتا ہے۔ یہ بھی اصل میں فَاَنْ نَرُدَّهَا تھا۔ هَا کی ضمیر وُجُوْهًا کی طرف لوٹ رہی ہے جو کہ جمع مکسر ہے [لوٹانا۔ پیچھے کرنا]
۴۷	لَعَنَّا	[ل ع ن] لَعَنَ یَلْعَنُ (ف) فعل ماضی۔ جمع متکلم۔ یہ اصل میں فَعَلْنَا کے وزن پر لَعَنْنَا تھا۔ ایک نون اصلی اور دوسرا جمع متکلم کا ہے۔ ادغام کے بعد لَعَنَّا ہو گیا [لعنت کرنا۔ رحمت سے دور کرنا]
۴۹	يُزَكُّوْنَ	[ز ک و] زَکّٰی یُزَکِّیْ (تفعیل) فعل مضارع [پاک صاف کرنا یا پاک صاف قرار دینا]
۴۹	فَتِيْلًا	[ف ت ل] فَتَلَ یَفْتِلُ (ض) [رسی بانٹنا] فَتِیْلٌ بٹی ہوئی رسی کو کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے [کھجور کی گٹھلی میں باریک سے دھاگے کو بھی فَتِیْلٌ کہتے ہیں یعنی حقیر سی چیز]
۵۰	يَفْتَرُوْنَ	[ف ر ی] اِفْتَرٰی یَفْتَرِیْ (افتعال) فعل مضارع [بہتان باندھنا۔ اپنی طرف سے بات بنا کر کسی کی طرف منسوب کرنا]
۵۱	اَهْدٰی	اَهْدٰی اصل میں اَفْعَلُ کے وزن پر اَهْدَیُ تھا۔ تعلیل کے بعد اَهْدٰی ہو گیا۔ یہ اسم تفضیل ہے اور واحد تثنیہ جمع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		سب کے لیے استعمال ہوتا ہے [زیادہ ہدایت یافتہ]
۵۲	مَنْ یَّلْعَنِ	مَنْ + یَلْعَنِ [ل ع ن] لَعَنَ یَلْعَنُ (ف) مَنْ (جازمہ المضارع) کی وجہ سے یَلْعَنْ ہوا پھر آگے ملانے کے لیے یَلْعَنِ پڑھا گیا [لعنت کرنا۔ نظر رحمت سے گرانا]
۵۵	صَدَّ	[ص د د] صَدَّ یَصُدُّ فعل ماضی [خود بھی رکنا اور دوسروں کو بھی روکنا]
۵۶	نُصْلِیْهِمْ	نُصْلِیْ + هِمْ [ص ل ی] اَصْلٰی یُصْلِیْ (افعال) فعل مضارع [سزا کے طور پر داخل کرنا]
۵۶	لِیَذُوْقُوْا	لِ + یَذُوْقُوْا [ذ و ق] ذَاقَ یَذُوْقُ (ن) فعل مضارع۔ لِ (لامِ کَیْ) کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے [چکھنا]
۵۷	مُطَهَّرَةٌ	[ط ھ ر] طَهَّرَ یُطَهِّرُ (تفعیل) اسم المفعول [ظاہری اور باطنی لحاظ سے پاک کرنا۔ جسمانی و اخلاقی طور پر پاک کرنا]
۵۸	نِعِمَّا	یہ کلمۂ تحسین ہے [بہت خوب]
۵۹	اُولِی الْاَمْرِ	اُولِی + اَلْاَمْرِ "اُولِیْ" ذو کی جمع اُولُوْ اور اس کی حالت نصب اُولِیْ۔ حالت نصب میں مفعول ہونے کی وجہ سے ہے۔
۵۹	تَنَازَعْتُمْ	[ن ز ع] تَنَازَعَ یَتَنَازَعُ (تفاعل) فعل ماضی۔ نَزَعَ (ف) کھینچنا۔ باب تفاعل میں چونکہ مشارکت کا مفہوم ہوتا ہے اس لیے معنی ہو گا [کھینچا تانی کرنا۔ بات کو ایک دوسرے سے کھینچ کر اپنے حق میں کرنے کی کوشش کرنا۔ باہم اختلاف کرنا]
۵۹	فَرُدُّوْهُ	فَ + رُدُّوْ + هُ [ر د د] رَدَّ یَرُدُّ (ن) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		[لوٹانا]
۶۰	اَنْ یَّتَحَاکَمُوْٓا	اَنْ + یَتَحَاکَمُوْا [ح ک م] تَحَاکَمَ یَتَحَاکَمُ (تفاعل) [آپس کے معاملات کا فیصلہ کرنا یا کروانا] اَنْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے۔
۶۰	اَنْ یُّضِلَّهُمْ	اَنْ + یُضِلَّ + هُمْ [ض ل ل] اَضَلَّ یُضِلُّ (افعال) فعل مضارع۔ اَنْ کی وجہ سے یُضِلَّ حالت نصب میں ہے [گمراہ کرنا۔ سیدھے راستے سے ہٹانا]
۶۱	تَعَالَوْا	یہ فعل امر ہے اس فعل کا ماضی و مضارع استعمال نہیں ہوتا چنانچہ اسے اسم الفعل کہا جاتا ہے۔ اس کا مادہ [ع ل و] ہے۔ معنیٰ ہو گا [کسی بلند مقصد کے لیے آنا]
۶۲	اَرَدْنَآ	[ر و د] اَرَادَ یُرِیْدُ (افعال) فعل ماضی۔ جمع متکلم [ارادہ کرنا۔ چاہنا]
۶۳	فَاَعْرِضْ	فَ + اَعْرِضْ [ع ر ض] اَعْرَضَ یُعْرِضُ (افعال) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر [اعراض کرنا۔ کسی کی حرکت کا نوٹس نہ لینا۔ نظرانداز کرنا]
۶۳	وَعِظْهُمْ	وَ + عِظْ + هُمْ "عِظْ" [و ع ظ] وَعَظَ یَعِظُ (ض) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر [سزا سے ڈرا کر اور اجر و ثواب کی امید دلا کر نیکی کی طرف مائل کرنا۔ نصیحت کرنا]
۶۴	لِیُطَاعَ	لِ + یُطَاعَ [ط و ع] اَطَاعَ یُطِیْعُ (افعال) مضارع مجہول۔ لِ (لام کَیْ) کی وجہ سے یُطَاعَ منصوب ہے [خوشی سے کہا ماننا۔ اطاعت کرنا]
۶۴	تَوَّابًا	[ت و ب] تَابَ یَتُوْبُ (ن) فَعَّالٌ کے وزن پر تَوَّابٌ اسم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		مبالغہ ہے [بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا یعنی توبہ قبول کرنے میں اکتاہٹ محسوس نہ کرنے والا]
٦٥	حَتّٰی یُحَکِّمُوْكَ	حَتّٰی + یُحَکِّمُوْ + كَ [ح ک م] حَکَّمَ یُحَکِّمُ (تفعیل) [کسی کو فیصلہ کرنے والا ماننا۔ کسی سے فیصلہ کرانا]
٦٥	لَا یَجِدُوْا	لَا یَجِدُوْا کا چونکہ "یُحَکِّمُوْ" پر عطف ہے اس لیے اس کا نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [موجود پانا]
٦٥	قَضَیْتَ	[ق ض ی] قَضٰی یَقْضِیْ (ض) فعل ماضی۔ واحد مذکر حاضر [جھگڑا ختم کرنے کے لیے حتمی فیصلہ کرنا]
٦٦	یُوْعَظُوْنَ	[و ع ظ] وَعَظَ یَعِظُ (ض) مضارع مجہول [ترغیب و ترھیب کے ذریعہ نصیحت کرنا]
٦٦	اَشَدَّ تَثْبِیْتًا	اَشَدَّ اسم تفضیل اور تَثْبِیْتًا تمیز ہے [یہ بات ایمان پر ان کے قدم مضبوط کرنے کے لیے نہایت کارگر ثابت ہوتی]
٦٧	لَاٰتَیْنٰھُمْ	لَ + اٰتَیْنَا + ھُمْ [ء ت ی] اٰتٰی یُؤْتِیْ (افعال) فعل ماضی۔ جمع متکلم [دینا]
٦٩	مَنْ یُّطِعِ	مَنْ + یُطِعِ [ط و ع] اَطَاعَ یُطِیْعُ (افعال) مَنْ (شرطیہ) کی وجہ سے یُطِیْعُ پہلے یُطِیْعْ ہوا۔ التقائے ساکنین (دو ساکن حروف اکٹھے ہونے) کی وجہ سے حرف علت ساقط ہوا یُطِعْ ہو گیا اور آگے ملانے کے لیے آخر میں ِ دی گئی [خوشی سے کہا ماننا۔ اطاعت کرنا]
٧١	ثُبَاتٍ	ثُبَةٌ کی جمع ہے اور حالت نصب میں حال ہونے کی وجہ سے ہے۔ چونکہ جمع سالم مونث ہے اس لیے حالت نصب میں آخر میں ِ آئی ہے [الگ الگ دستوں اور ٹکڑیوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		شکل میں Gorilla war]
۷۲	لَیُبَطِّئَنَّ	لَ + یُبَطِّیُٔ + نَّ ۔ فعل مضارع کے آخر میں نون ثقیلہ استعمال ہو تو واحد کے صیغوں میں ے کو ۓ سے بدل دیا جاتا ہے۔ [ب ط ء] بَطَّأَ یُبَطِّئُ (تفعیل) [وہ طبقہ یقیناً یقیناً (جہاد) سے پیچھے ہٹانے' دیر لگوانے اور ہمتیں پست کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے اور کرتا رہے گا]
۷۳	مَوَدَّۃٌ	[و د د] وَدَّ یَوَدُّ (ف) کا مصدر میمی ہے [قریبی تعلق۔ پیار و محبت]
۷۴	فَلْیُقَاتِلْ	فَ + لِ + یُقَاتِلْ [ق ت ل] قَاتَلَ یُقَاتِلُ (مفاعلہ) لام امر کی وجہ سے یُقَاتِلْ کے آخر میں جزم آئی ہے [لڑنا۔ مسلح جدوجہد کرنا]
۷۴	یَشْرُوْنَ	[ش ر ی] شَرٰی یَشْرِیْ (ض) فعل مضارع [ایک چیز کے بدلے میں دوسری چیز حاصل کرنا۔ خرید و فروخت دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے یہاں فروخت کرنے اور بیچنے کے معنی میں ہے]
۷۴	فَیُقْتَلْ	فَ + یُقْتَلْ [ق ت ل] قَتَلَ یَقْتُلُ (ن) مضارع مجہول فَ یہاں بطور حرف عطف کے استعمال ہوئی ہے۔ اس فعل کا چونکہ یُقَاتِلْ پر عطف ہے اس لیے حالت جزم میں استعمال ہوا ہے [قتل کرنا To kill]
۷۵	اَلْمُسْتَضْعَفِیْنَ	[ض ع ف] اِسْتَضْعَفَ یَسْتَضْعِفُ (استفعال) اسم المفعول۔ جمع مذکر [کسی کو کمزور سمجھنا]
۷۵	اَخْرِجْنَا	اَخْرِجْ + نَا [خ ر ج] اَخْرَجَ یُخْرِجُ (افعال) فعل امر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		واحد مذکر حاضر [نکالنا]
۷۷	كُفُّوْٓا	[ک ف ف] کَفَّ یَکُفُّ (ن) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [حملہ کرنے سے روکنا]
۷۷	يَخْشَوْنَ	[خ ش ی] خَشِيَ یَخْشٰی (س) فعل مضارع [کسی کی ہیبت و عظمت کی وجہ سے ڈرنا]
۷۷	اَخَّرْتَنَآ	اَخَّرْتَ + نَا [ء خ ر] اَخَّرَ یُؤَخِّرُ (تفعیل) فعل ماضی [مؤخر کرنا۔ ملتوی کرنا۔ مہلت دینا To delay]
۷۸	یُدْرِكْكُّمُ	یُدْرِكْ + كُمْ [د ر ک] اَدْرَكَ یُدْرِكُ (افعال) فعل مضارع۔ جواب شرط کی وجہ سے حالت جزم میں ہے۔ کُمْ کے آخر میں ـُ آگے ملانے کے لیے آئی ہے [پالینا۔ آ پکڑنا]
۷۸	مُشَيَّدَةٍ	[ش ی د] شَیَّدَ یُشَیِّدُ (تفعیل) اسم المفعول۔ بُرُوْجٍ چونکہ جمع مکسر غیر عاقل ہے اس لیے اس کی صفت واحد مونث مُشَیَّدَةٍ استعمال ہوئی ہے۔ [کسی عمارت کو پختہ اور مضبوط بنانا]
۷۸	اِنْ تُصِبْهُمْ	اِنْ + تُصِبْ + هُمْ [ص و ب] اَصَابَ یُصِیْبُ (افعال) اصل میں اَصْوَبَ یُصْوِبُ تھا [پہنچنا۔ نشانے پہ جا لگنا]
۷۸	فَمَالِ	فَ + مَا + لِ [تو۔ کیا۔ کو]
۸۱	بَيَّتَ	[ب ی ت] بَیَّتَ یُبَیِّتُ (تفعیل) فعل ماضی [رات گزارنا۔ رات کے وقت کوئی مشورہ یا میٹنگ کرنا]
۸۳	اَذَاعُوْا	[ذ ی ع] اَذَاعَ یُذِیْعُ (افعال) فعل ماضی [کسی خبر کو پھیلانا۔ تشہیر کرنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۸۳	رَدُّوْهُ	رَدُّوْ + هُ [ر د د] رَدَّ یَرُدُّ (ن) فعل ماضی [لوٹانا۔ لے جانا]
۸۳	یَسْتَنْبِطُوْنَهٗ	[ن ب ط] اِسْتَنْبَطَ یَسْتَنْبِطُ (استفعال) فعل مضارع۔ یہ فعل اصل میں کنویں سے پانی نکالنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ یہاں مراد ہے [کسی بات کی گہرائی میں جا کر نتیجہ اخذ کرنا]
۸۴	لَا تُكَلَّفُ	لَا + تُكَلَّفُ [ک ل ف] كَلَّفَ یُكَلِّفُ (تفعیل) مضارع مجہول۔ واحد مذکر حاضر [مکلف کرنا۔ پابند کرنا۔ کسی پر ذمہ داری عائد کرنا] یہاں لَا نافیہ ہے۔ لائے نہی نہیں۔
۸۴	حَرِّضِ	[ح ر ض] حَرَّضَ یُحَرِّضُ (تفعیل) فعل امر۔ واحد مذکر حاضر۔ آخر میں ـِ آگے ملا کر پڑھنے کے لیے استعمال ہوئی ہے [ہلاکت سے بچانے کے لیے کسی کو ابھارنا۔ ترغیب دینا To motiwate]
۸۴	اَنْ یَّكُفَّ	اَنْ + یَكُفَّ [ک ف ف] كَفَّ یَكُفُّ (ن) [کسی حملے کو روکنا۔ مدافعت کرنا]
۸۴	تَنْكِیْلًا	[ن ک ل] نَكَّلَ یُنَكِّلُ (تفعیل) مصدر۔ تمیز ہے اس لیے حالت نصب میں ہے [عبرت ناک سزا دینے کے لحاظ سے] نَكَالٌ بیڑی اور لگام کے لوہے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
۸۵	یَّكُنْ	[ک و ن] كَانَ یَكُوْنُ (ن) فعل مضارع۔ حالت جزم میں جواب شرط ہونے کی وجہ سے ہے [ہونا]
۸۵	مُقِیْتًا	[ق و ت] اَقَاتَ یُقِیْتُ (افعال) اسم الفاعل۔ كَانَ کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [کسی کی قوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		یعنی خوراک کا بندوبست کرنا۔ نگہداشت کرنا۔ نظر رکھنا]
۸۶	فَحَيُّوْا	فَ + حَيُّوْا [ح ی ی] حَيّٰى يُحَيِّيْ (تفعیل) فعل امر [کسی کو زندگی یا سلامتی کی دعا دینا]
۸۸	فِئَتَيْنِ	فِئَةٌ کا تثنیہ فِئَتَانِ اور اس کی حالت نصب فِئَتَيْنِ ہے۔ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [دو گروہ]
۸۸	اَرْكَسَهُمْ	اَرْكَسَ + هُمْ [ر ک س] اَرْكَسَ يُرْكِسُ (افعال) فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب [کسی مصیبت سے نجات کے بعد دوبارہ اس میں لوٹانا]
۸۸	اَضَلَّ	[ض ل ل] اَضَلَّ يُضِلُّ (افعال) فعل ماضی [گمراہ کرنا۔ سیدھے راستے سے ہٹانا]
۸۸	يُضْلِلِ	[ض ل ل] اَضَلَّ يُضِلُّ (افعال) فعل مضارع۔ مَنْ (جازمۃ المضارع) کی وجہ سے يُضِلُّ کا ادغام کھل گیا اور يُضْلِلْ ہو گیا۔ ساتھ ملانے کے لیے آخر میں ـِ دی گئی [گمراہ کرنا]
۸۹	سَوَآءً	تَكُوْنُوْنَ کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [برابر]
۸۹	فَخُذُوْهُمْ	فَ + خُذُوْ + هُمْ [ء خ ذ] اَخَذَ يَأْخُذُ (ن) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [پکڑنا۔ گرفتار کرنا]
۹۰	يَصِلُوْنَ	[و ص ل] وَصَلَ يَصِلُ (ض) فعل مضارع [جاملنا۔ پہنچنا]
۹۰	لَسَلَّطَهُمْ	لَ + سَلَّطَ + هُمْ [س ل ط] سَلَّطَ يُسَلِّطُ (تفعیل) فعل ماضی [مسلط کرنا۔ غالب کرنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۹۰	فَلَقٰتَلُوْكُمْ	فَ + لَ + قَاتَلُوْ + كُمْ [ق ت ل] قَاتَلَ يُقَاتِلُ (مفاعلہ) فعل ماضی [لڑنا۔ مسلح جدوجہد کرنا]
۹۰	اُرْكِسُوْا	[ر ک س] اَرْكَسَ يُرْكِسُ (افعال) ماضی مجہول۔ جمع مذکر غائب [کسی پریشانی سے نجات کے بعد دوبارہ اس میں لوٹانا]
۹۰	لَمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ	لَمْ + يَعْتَزِلُوْ + كُمْ [ع ز ل] اِعْتَزَلَ يَعْتَزِلُ (افتعال) فعل مضارع۔ لَمْ کی وجہ سے يَعْتَزِلُوْ کا نون اعرابی گر گیا ہے۔ اصل میں يَعْتَزِلُوْنَ تھا [الگ تھلگ رہنا]
۹۰	يُلْقُوْا	[ل ق ی] اَلْقٰى يُلْقِىْ (افعال) يَعْتَزِلُوْ پر عطف ہونے کی وجہ سے اس کا بھی نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [ڈالنا۔ پیش کرنا]
۹۲	اَنْ يَّصَّدَّقُوْا	اَنْ + يَصَّدَّقُوْا [ص د ق] اِصَّدَّقَ يَصَّدَّقُ اصل میں تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ (تفعل) تھا۔ اس میں ادغام قریب المخرج کا قاعدہ استعمال ہوا ہے [صدقہ دینا۔ صدق دل سے معاف کرنا]
۹۲	فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ	فَ + دِيَةٌ + مُسَلَّمَةٌ [س ل م] سَلَّمَ يُسَلِّمُ (تفعیل) اسم المفعول اس کا صلہ Preposition اِلٰى ہو تو معنی ہوتا ہے [سپرد کرنا]
۹۲	مُتَتَابِعَيْنِ	[ت ب ع] تَتَابَعَ يَتَتَابَعُ (تفاعل) اسم الفاعل [ایک دوسرے کے پیچھے آنا۔ پے درپے آنا]
۹۳	مُتَعَمِّدًا	[ع م د] تَعَمَّدَ يَتَعَمَّدُ (تفعل) اسم الفاعل۔ حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [عمداً یعنی جان بوجھ کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		کرنا]
۹۴	فَتَبَيَّنُوْا	فَ + تَبَيَّنُوْا [ب ی ن] تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ (تفعل) فعل امر [اہتمام سے الگ کرنا۔ وضاحت طلب کرنا۔ تحقیق و جستجو کرنا]
۹۴	فَمَنَّ	فَ + مَنَّ [م ن ن] مَنَّ يَمُنُّ (ن) فعل ماضی [احسان کرنا۔ احسان جتلانا]
۹۵	أُولِی الضَّرَرِ	أُولِیْ + اَلضَّرَرِ = مرکب اضافی [جسمانی نقصان والے یعنی معذور لوگ]
۹۷	تَوَفّٰهُمُ	تَوَفّٰی + هُمْ [و ف ی] تَوَفّٰی يَتَوَفّٰی (تفعل) فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب [فوت کرنا۔] ساتھ ملانے کے لیے ہے۔
۹۷	ظَالِمِیْ	[ظ ل م] ظَلَمَ يَظْلِمُ (ض) سے اسم الفاعل ظَالِمٌ کی جمع ظَالِمُوْنَ اور اس کی حالت نصب ظَالِمِيْنَ مضاف ہونے کی وجہ سے آخر سے جمع کا نَ گر گیا ہے۔ حالت نصب میں حال ہونے کی وجہ سے ہے [اس حال میں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے تھے]
۹۷	اَلَمْ تَكُنْ	اَ + لَمْ + تَكُنْ [ک و ن] كَانَ يَكُوْنُ (ن) واحد مونث غائب۔ تَكُوْنُ سے لَمْ کی وجہ سے تَكُوْنْ اور پھر تَكُنْ ہوا [کیا + نہیں - تھی]
۹۷	فَتُهَاجِرُوْا	فَ + تُهَاجِرُوْا [ھ ج ر] هَاجَرَ يُهَاجِرُ (مفاعلہ) فعل مضارع فَ کے بعد اَنْ محذوف ہے اس لیے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [ہجرت کرنا۔ گھربار چھوڑنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۰۰	یَجِدْ	[و ج د] وَجَدَ یَجِدُ (ض) فعل مضارع۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے حالت جزم میں ہے [موجود پانا]
۱۰۰	مُرٰغَمًا	مفعول ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [رہنے سہنے کی جگہ۔ پناہ گاہ]
۱۰۰	ثُمَّ یُدْرِكْهُ	ثُمَّ + یُدْرِكْ + هُ [د ر ک] اَدْرَكَ یُدْرِكُ (افعال) ثُمَّ حرف عطف ہے اور یُدْرِكْ کا مَنْ یُّهَاجِرْ پر عطف ہے اس لیے حالت جزم میں ہے [آلینا۔ گرفت میں لینا]
۱۰۱	خِفْتُمْ	[خ و ف] خَافَ یَخَافُ (س) فعل ماضی۔ جمع مذکر حاضر [ڈرنا۔ اندیشہ ہونا]
۱۰۲	فَلْتَقُمْ	فَ + لِ + تَقُمْ [ق و م] قَامَ یَقُوْمُ (ن) فعل مضارع۔ واحد مونث غائب۔ لِ یہاں لام امر ہے [کھڑا ہونا]
۱۰۲	وَلْيَاْخُذُوْآ	وَ + لِ + یَأْخُذُوا [ء خ ذ] أَخَذَ یَأْخُذُ (ن) لِ یہاں لام امر ہے اس لیے پیچھے مل کر ساکن ہو گیا ہے [پکڑنا]
۱۰۲	وَلْتَاْتِ	وَ + لِ + تَأْتِ [ء ت ی] أَتٰی یَأْتِیْ (ض) واحد مونث غائب لام امر کی وجہ سے تَاْتِ کے آخر سے حرف علت گر گیا ہے۔ اصل میں تَأْتِيْ تھا [اور + چاہیے کہ + آئے]
۱۰۲	فَلْيُصَلُّوْا	فَ + لِ + یُصَلُّوْا [ص ل و] صَلّٰی یُصَلِّیْ (تفعیل) اصل میں صَلَّوَ یُصَلِّوْ تھا [تو۔ چاہیے کہ + وہ نماز پڑھیں]
۱۰۲	وَلْيَاْخُذُوْا	وَ + لِ + یَأْخُذُوْا [ء خ ذ] أَخَذَ یَأْخُذُ (ن) [اور + چاہیے کہ + وہ پکڑیں]
۱۰۲	فَيَمِيْلُوْنَ	فَ + یَمِیْلُوْنَ [م ی ل] مَالَ یَمِیْلُ (ض) فعل مضارع۔ اس فعل کے بعد عَلٰی آئے تو معنی ہو گا [حملہ آور ہونا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		حملہ کرنے کی نیت سے کسی پر جھکنا]
۱۰۲	حِذْرَكُمْ	حِذْرَ + كُمْ = مرکب اضافی [اپنا بچاؤ کا سامان]
۱۰۳	قِيَامًا	[ق و م] قَامَ يَقُوْمُ (ن) سے مصدر ہے یا اسم الفاعل قَائِمٌ کی جمع مکسر ہے۔ اور حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے [کھڑے ہونے کی حالت میں]
۱۰۳	قُعُوْدًا	[ق ع د] قَعَدَ يَقْعُدُ (ن) سے مصدر ہے یا اسم الفاعل قَاعِدٌ کی جمع مکسر ہے اور حال ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [بیٹھے ہونے کی حالت میں]
۱۰۳	فَإِذَا اطْمَأْنَنْتُمْ	فَ + إِذَا + اِطْمَأْنَنْتُمْ [ط م ء ن] اِطْمَأَنَّ يَطْمَئِنُّ۔ اس کا مادہ ثلاثی نہیں رباعی ہے چنانچہ اس کو رباعی مجرد کہا جاتا ہے [مطمئن ہونا۔ دل کا پر سکون ہونا۔ خوف و اضطراب کا ختم ہونا]
۱۰۴	وَلَا تَهِنُوْا	وَ + لَا + تَهِنُوْا [و ھ ن] وَهَنَ يَهِنُ (ض) فعل نہی۔ جمع مذکر حاضر [کمزور پڑنا۔ سستی و غفلت سے کام لینا]
۱۰۴	تَأْلَمُوْنَ	[ء ل م] أَلِمَ يَأْلَمُ (س) فعل مضارع [تکلیف اٹھانا۔ دکھ درد سہنا]
۱۰۵	أَرٰكَ	أَرٰى + كَ [ر ء ی] أَرٰى يُرِيْ (افعال) فعل ماضی۔ واحد مذکر غائب [دکھانا]
۱۰۷	يَخْتَانُوْنَ	[خ و ن] اِخْتَانَ يَخْتَانُ (افتعال) اصل میں اِخْتَوَنَ يَخْتَوِنُ تھا۔ دونوں میں مطابقت (Co-ordination) کا قاعدہ استعمال ہوا ہے [عہد اور امانت کا پاس نہ کرنا۔ خفیہ طور پر عہد شکنی کرنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۰۷	خَوَّانًا	[خ و ن] خَانَ یَخُوْنُ (ن) سے فَعَّالٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے۔ کَانَ کی خبر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے [بہت زیادہ خیانت کرنے والا۔ عہد شکن]
۱۰۷	اَثِیْمًا	[ء ث م] اَثِمَ یَأْثَمُ (س) سے فَعِیْلٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے [بہت زیادہ گناہ گار۔ حق تلفی کرنے والا]
۱۰۸	یَسْتَخْفُوْنَ	[خ ف ی] اِسْتَخْفٰی یَسْتَخْفِیْ (استفعال) فعل مضارع۔ جمع مذکر غائب [مخفی رکھ سکنا۔ چھپانے کی کوشش کرنا]
۱۰۸	یُبَیِّتُوْنَ	[ب ی ت] بَیَّتَ یُبَیِّتُ (تفعیل) فعل مضارع [رات گزارنا۔ رات کے وقت چھپ کر کوئی بات کرنا]
۱۱۰	یَجِدِ	[و ج د] وَجَدَ یَجِدُ (ض) جواب شرط کی وجہ سے یَجِدُ پہلے یَجِدْ ہوا۔ پھر آگے ملانے کے لیے یَجِدِ پڑھا گیا [پانا]
۱۱۲	ثُمَّ یَرْمِ بِهٖ	ثُمَّ + یَرْمِ + بِ + ہٖ "یَرْمِ" [ر م ی] رَمٰی یَرْمِیْ (ض) اس کے بعد بِ (حرف جر) آئے تو معنیٰ ہو گا [الزام عائد کرنا۔ کسی پر پھینک دینا] یَکْسِبْ پر عطف کی وجہ سے حالت جزم میں ہے اور حرف علت گر گیا ہے۔ اصل میں یَرْمِیْ تھا۔ واضح رہے ثُمَّ حرف علت کہلاتا ہے۔
۱۱۳	لَهَمَّتْ	لَ + هَمَّتْ [ھ م م] هَمَّ یَهُمُّ (ف) فعل ماضی۔ واحد مونث غائب [کسی ارادے کو کچھ دیر کے لیے دل میں رکھنا اور اس کو عملی جامہ پہنانے کے لیے غور و فکر کرنا]
۱۱۴	نَجْوٰهُمْ	نَجْوٰی + هُمْ [ان کی خفیہ سرگوشیاں]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۱۵	مَنْ يُّشَاقِقِ	مَنْ + يُشَاقِقْ [ش ق ق] شَاقَّ يُشَاقُّ (مفاعلہ) اصل میں شَاقَقَ يُشَاقِقُ تھا۔ مَنْ (جازمہ المضارع) کی وجہ سے ادغام کھل گیا (فک ادغام) ہے اور آگے ملانے کے لیے آخر میں ـِ آئی ہے۔ کسی چیز کو پھاڑ کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے تو ہر حصے کو شُقَّةٌ کہا جاتا ہے۔ اس مناسبت سے معنی ہوگا [ایک راستے کو چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا۔ مخالفت کرنا۔ مخالف سمت پہ چلنا]
۱۱۵	نُوَلِّهٖ	نُوَلِّ + ہٖ [و ل ی] وَلّٰى يُوَلِّيْ (تفعیل) جواب شرط ہونے کی وجہ سے آخر سے حرف علت گر گیا ہے۔ [رخ پھیرنا]
۱۱۵	نُصْلِهٖ	نُصْلِ + ہٖ [ص ل ی] اَصْلٰى يُصْلِيْ (افعال) نُصْلِ اصل میں نُصْلِيْ تھا۔ نُوَلِّ پر عطف کی وجہ سے آخر سے حرف علت ساقط ہو گیا ہے۔ واضح رہے حالت جزم میں آخر سے حرف علت گر جاتا ہے [سزا کے طور پر داخل کرنا]
۱۱۵	مَصِيْرًا	[ص ی ر] صَارَ يَصِيْرُ (ض) اسم ظرف [ہونے کی جگہ] اصل میں مَفْعِلٌ کے وزن پر مَصْيِرٌ تھا۔ انتقال حرکت (Shift Method) کے بعد مَصِيْرٌ ہو گیا۔
۱۱۷	اِنٰثًا	اُنْثٰى کی جمع ہے۔ مستثنیٰ ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔
۱۱۷	مَرِيْدًا	[م ر د] مَرَدَ يَمْرُدُ (ن) فَعِيْلٌ کے وزن پر مبالغے کا صیغہ ہے [بہت زیادہ سرکشی اور نافرمانی کرنے والا]
۱۱۸	لَاَتَّخِذَنَّ	لَ + اَتَّخِذَ + نَّ [ء خ ذ] اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ (افتعال) فعل مضارع۔ واحد متکلم [یقیناً یقیناً میں بناؤں گا۔ اہتمام سے لوں گا۔ وصول کروں گا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۱۹	لَاُضِلَّنَّھُمْ	لَ + اُضِلَّ + نَّ + ھُمْ [ض ل ل] اَضَلَّ یُضِلُّ (افعال) [یقیناً یقیناً میں انہیں گمراہ کروں گا]
۱۱۹	لَاُمَنِّیَنَّھُمْ	لَ + اُمَنِّی + نَّ + ھُمْ [م ن ی] مَنّٰی یُمَنِّیْ (تفعیل) [یقیناً یقیناً میں انہیں آرزوؤں میں الجھاؤں گا]
۱۱۹	لَاٰمُرَنَّھُمْ	لَ + اٰمُرَ + نَّ + ھُمْ [ء م ر] اَمَرَ یَاْمُرُ (ن) فعل مضارع۔ واحد متکلم [یقیناً یقیناً میں انہیں حکم دوں گا] واضح رہے واحد کے صیغوں میں نون ثقیلہ سے پہلے ءُ کو ءَ سے بدل دیا جاتا ہے۔ سابقہ چاروں افعال میں ایسا ہی ہوا ہے۔
۱۱۹	فَلَیُبَتِّکُنَّ	فَ + لَ + یُبَتِّکُ + نَّ [ب ت ک] بَتَّکَ یُبَتِّکُ (تفعیل) اگر نون ثقیلہ سے پہلے فعل مضارع کے آخری حرف پر ءُ ہو تو وہ واحد کا نہیں جمع کا صیغہ ہوتا ہے [تو یقیناً یقیناً وہ چیریں گے]
۱۱۹	فَلَیُغَیِّرُنَّ	فَ + لَ + یُغَیِّرُ + نَّ [غ ی ر] غَیَّرَ یُغَیِّرُ (تفعیل) [کسی چیز کی حالت یا صورت تبدیل کرنا]
۱۲۰	وَیُمَنِّیْھِمْ	وَ + یُمَنِّیْ + ھِمْ [م ن ی] مَنّٰی یُمَنِّیْ (تفعیل) [آرزوؤں میں الجھانا]
۱۲۱	مَحِیْصًا	[ح ی ص] حَاصَ یَحِیْصُ (ض) سے مَفْعِلٌ کے وزن پر مَحْیِصٌ اور انتقال حرکت کے بعد مَحِیْصٌ ہوا۔ یہ اسم ظرف ہے [بھاگ کر جانے کا راستہ۔ خلاصی کی صورت]
۱۲۲	وَعْدَاللّٰهِ	وَعْدَ + اللّٰهِ = مرکب اضافی اس سے پہلے کَانَ محذوف ہے اور "وَعْدَاللّٰهِ" اس کی خبر ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے [اللہ کا وعدہ]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۲۲	قِيْلًا	[ق و ل] قَالَ يَقُوْلُ (ن) کے کئی مصادر استعمال ہوتے ہیں مثلاً قَوْلٌ ۔ مَقَالٌ ۔ قَوْلَةٌ اسی طرح قِيْلٌ بھی مصدر ہے۔ یہ تمیز ہے اور اسی لیے منصوب ہے [بات کرنے کے لحاظ سے]
۱۲۳	بِاَمَانِيِّكُمْ	بِ + اَمَانِيِّ + كُمْ "اَمانِيّ" اُمْنِيَّةٌ کی جمع ہے [تمہاری آرزوئیں۔ جھوٹی تمنائیں]
۱۲۳	يُجْزَ	[ج ز ی] جَزٰی يَجْزِیْ (ض) مضارع مجہول۔ یہ لفظ يُجْزٰی تھا۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے حالت جزم میں ہے اور اسی لیے يُجْزَ پڑھا گیا [بدلہ دینا]
۱۲۳	وَلَا يَجِدْ	وَ + لَا + يَجِدْ [و ج د] وَجَدَ يَجِدُ (ض) يُجْزَ پر عطف ہونے کی وجہ سے حالت جزم میں ہے [پانا]
۱۲۴	نَقِيْرًا	یہ لفظ کھجور کی گٹھلی کے کنارے پر موجود چھوٹے سے گڑھے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مراد ہے [ذرہ برابر۔ ادنیٰ سا]
۱۲۵	دِيْنًا	تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔
۱۲۵	حَنِيْفًا	[تمام ادیان باطلہ کو چھوڑ کر حق کی اتباع کرنے والا یا پوری کائنات سے کٹ کر ایک اللہ سے لو لگانے والا۔ یکسو ہو کر اللہ کی فرماں برداری کرنے والا] حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔
۱۲۷	يَسْتَفْتُوْنَكَ	يَسْتَفْتُوْنَ + كَ [ف ت ی] اِسْتَفْتٰی يَسْتَفْتِیْ (استفعال) فعل مضارع [فتویٰ طلب کرنا]
۱۲۷	يُفْتِيْكُمْ	يُفْتِیْ + كُمْ [ف ت ی] اَفْتٰی يُفْتِیْ (افعال) فعل مضارع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		[فتویٰ دینا۔ کسی سوال کا جواب دینا]
۱۲۷	یُتْلٰی	[ت ل و] تَلاَ یَتْلُوْ (ن) مضارع مجہول۔ اصل میں یُفْعَلُ کے وزن پر یُتْلَوُ تھا۔ مطابقت کا قاعدہ استعمال ہوا یُتْلٰی ہو گیا۔ [تلاوت کرنا]
۱۲۷	وَمَا تَفْعَلُوْا	وَ + مَا + تَفْعَلُوْا ۔ مَا یہاں شرطیہ ہے اور مَا شرطیہ جازمۃ المضارع حروف میں سے ایک حرف ہے۔ اسی وجہ سے تَفْعَلُوْا کا نون اعرابی گر گیا ہے۔
۱۲۸	نُشُوْزًا	"نُشُوْزٌ" اگر بیوی کی طرف سے ہو تو بغاوت و سرکشی کے معنی میں اور اگر خاوند کی طرف سے ہو تو [بد سلوکی اور ایذا رسانی] کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ مفعول ہونے کی وجہ سے حالت نصب میں ہے۔
۱۲۸	اُحْضِرَتِ	[ح ض ر] اَحْضَرَ یُحْضِرُ (افعال) ماضی مجہول۔ واحد مونث غائب۔ اصل میں اُحْضِرَتْ تھا آگے ملانے کے لیے آخر میں ـِ دی گئی [حاضر کرنا۔ کسی کو کسی کے پاس لے جانا۔ قریب کرنا]
۱۲۸	الشُّحَّ	جب بخل کے ساتھ ساتھ حرص و طمع اور خود غرضی بھی شامل ہو جائے اور دل تنگ ہو جائے تو اس کے لیے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں۔
۱۲۹	فَتَذَرُوْهَا	فَ + تَذَرُوْ + هَا "تَذَرُوْ" [و ذ ر] وَذَرَ یَذَرُ (ف) فعل مضارع۔ "تَذَرُوْ" اصل میں تَذَرُوْنَ تھا۔ فَ کے بعد اَنْ محذوف ہے اس لیے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [کسی کو اس کے حال پہ چھوڑ دینا۔ اس سے کوئی سروکار نہ رکھنا]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
۱۳۰	یُغْنِ	[غ ن ی] اَغْنٰی یُغْنِیْ (افعال) فعل مضارع۔ جواب شرط ہونے کی وجہ سے حالت جزم میں ہے اور اسی لیے آخر سے حرف علت گر گیا ہے [کسی کی محتاجی سے بے نیاز کر دینا]
۱۳۱	وَصَّيْنَا	[و ص ی] وَصّٰی یُوَصِّیْ (تفعیل) فعل ماضی۔ جمع متکلم [کوئی اہم نصیحت کرنا]
۱۳۳	اِنْ یَّشَاْ	اِنْ + یَشَاْ [ش ی ء] شَاءَ یَشَاءُ (ف) اِنْ کی وجہ سے پہلے یَشَاءْ ہوا پھر یَشَاْ رہ گیا [کسی ضابطے کے مطابق چاہنا۔ خواہش کرنا]
۱۳۳	یُذْهِبْكُمْ	یُذْهِبْ + كُمْ [ذ ھ ب] اَذْهَبَ یُذْهِبُ (افعال) جواب شرط کی وجہ سے حالت جزم میں ہے [لے جانا]
۱۳۳	وَیَاْتِ	وَ + یَاْتِ [ء ت ی] اَتٰی یَاْتِیْ (ض) فعل مضارع۔ یَاْتِ اصل میں یَاْتِیْ تھا۔ یُذْهِبْ پر عطف کی وجہ سے حالت جزم میں ہوا اور آخر سے حرف علت گر گیا۔ بِ کی وجہ سے معنی ہو گا [لانا]
۱۳۵	كُوْنُوْا	[ک و ن] كَانَ یَكُوْنُ (ن) فعل امر۔ جمع مذکر حاضر [ہونا]
۱۳۵	قَوّٰمِیْنَ	[ق و م] قَامَ یَقُوْمُ (ن) سے فَعَّالٌ کے وزن پر قَوَّامٌ مبالغے کا صیغہ ہے۔ اس فعل کے بعد بِ Preposition آئے تو معنی ہوتا ہے [نگہداشت کرنا۔ کسی چیز کا تحفظ کرنے کے لیے آمادہ و تیار رہنا]
۱۳۵	اِنْ یَّكُنْ	اِنْ + یَكُنْ [ک و ن] كَانَ یَكُوْنُ (ن) اِنْ کی وجہ سے پہلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		یَکُوْنُ اور پھر یَکُنْ ہوا [ہونا]
۱۳۵	فَلَا تَتَّبِعُوْا	فَ + لَا + تَتَّبِعُوْا [ت ب ع] اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ (افتعال) فعل نہی [اتباع کرنا۔ پیچھے چلنا]
۱۳۵	اَنْ تَعْدِلُوْا	اَنْ + تَعْدِلُوْا [ع د ل] عَدَلَ یَعْدِلُ (ض) فعل مضارع۔ اَنْ کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا ہے [عدل و انصاف کرنا۔ متوازن سلوک کرنا۔ جو جس چیز کا حق دار ہو اسے اس کا وہ حق دینا]
۱۳۵	اِنْ تَلْوٗا	اِنْ + تَلْوٗا (تَلْوُوْا) [ل و ی] لَوٰی یَلْوِیْ (ض) فعل مضارع۔ "تَلْوُوْا" اصل میں تَلْوُوْنَ تھا۔ اِنْ کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہو گیا ہے [بات کو اس کے صحیح رخ سے موڑنا یعنی مرضی کی تحریف کرنا]
۱۳۵	اَوْ تُعْرِضُوْا	اَوْ + تُعْرِضُوْا [ع ر ض] اَعْرَضَ یُعْرِضُ (افعال) فعل مضارع۔ اَوْ حرف عطف ہے تُعْرِضُوْا کا چونکہ تَلْوُوْا پر عطف ہے اس لیے اس کا بھی نون اعرابی گر گیا ہے [اعراض کرنا۔ بے رخی برتنا۔ منہ پھیر لینا]
۱۳۵	لَمْ یَکُنِ	لَمْ + یَکُنِ [ک و ن] کَانَ یَکُوْنُ (ن) لَمْ کی وجہ سے پہلے یَکُوْنُ اور پھر یَکُنْ ہوا۔ آگے ملانے کے لیے لَمْ یَکُنِ پڑھا گیا [ہونا]
۱۴۰	یُسْتَهْزَاُ	[ھ ز ء] اِسْتَهْزَاَ یَسْتَهْزِئُ (استفعال) مضارع مجہول [مذاق کا نشانہ بنانا]
۱۴۰	یَخُوْضُوْا	[خ و ض] خَاضَ یَخُوْضُ (ن) فعل مضارع۔ یہ لفظ پانی میں اترنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہاں مراد ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		[کسی بات یا کسی کام میں مشغول ہونا]
۱۴۱	یَتَرَبَّصُوْنَ	[ر ب ص] تَرَبَّصَ یَتَرَبَّصُ (تفعل) فعل مضارع [کسی معینہ مدت کا انتظار کرنا۔ انجام کار کی تاک میں رہنا۔ اس بات کا انتظار کرنا کہ نتیجہ کیا نکلتا ہے]
۱۴۱	اَلَمْ نَکُنْ	اَ + لَمْ + نَکُنْ [ک و ن] کَانَ یَکُوْنُ (ن) فعل مضارع۔ جمع متکلم ۔ "نَکُنْ" اصل میں نَکُوْنُ تھا۔ لَمْ کی وجہ سے نَکُنْ ہو گیا۔ [کیا + نہیں + ہم تھے]
۱۴۱	اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ	اَ + لَمْ + نَسْتَحْوِذْ [ح و ذ] اِسْتَحْوَذَ یَسْتَحْوِذُ (استفعال) لَمْ (جازمۃ المضارع) کی وجہ سے نَسْتَحْوِذُ کی بجائے نَسْتَحْوِذْ استعمال ہوا [کسی پر غلبہ و تسلط حاصل کرنا۔ کسی کو اپنے قابو میں کر سکنا]
۱۴۱	وَ نَمْنَعْکُمْ	وَ + نَمْنَعْ + کُمْ [م ن ع] مَنَعَ (ف) فعل مضارع۔ جمع متکلم نَمْنَعْ کا نَسْتَحْوِذْ پر عطف ہے اسی لیے یہ حالت جزم میں ہے [روکنا۔ یہاں کسی کا ہاتھ روکنا یعنی دفاع کرنا مراد ہے]
۱۴۲	کُسَالٰی	کَسْلَانُ کی جمع ہے۔ یہاں حال بن کر استعمال ہو رہا ہے [سستی کے مارے۔ بے دل۔ بادل نخواستہ]
۱۴۳	مُذَبْذَبِیْنَ	[ذ ب ذ ب] ذَبْذَبَ یُذَبْذِبُ (اس فعل کا مادہ عام افعال سے ہٹ کر ثلاثی کی بجائے رباعی ہے یعنی چار حروف پر مشتمل ہے) اسم المفعول [کسی کو حیران و متردد چھوڑنا۔ پس و پیش کرنا]
۱۴۳	مَنْ یُّضْلِلْ	مَنْ + یُضْلِلْ [ض ل ل] اَضَلَّ یُضِلُّ (افعال) مَنْ (جازمہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آیت نمبر	کلمہ	لغوی تشریح
		المضارع) کی وجہ سے یُضِلُّ کا ادغام کھل گیا ہے جسے فک ادغام کہتے ہیں [گمراہ کرنا۔ صحیح راستے سے ہٹانا]
۱۴۶	وَاعْتَصِمُوْا	وَ + اِعْتَصِمُوْا [ع ص م] اِعْتَصَمَ یَعْتَصِمُ (افتعال) فعل امر [مضبوطی سے تھامنا۔ کسی کے دامن سے وابستہ ہونا]
۱۴۷	دِیْنَهُمْ	دِیْنَ + هُمْ ۔ دین سے یہاں [عبادت و اطاعت] مراد ہے۔
۱۴۷	یُؤْتِ	[ء ت ی] ءاتی یُؤْتِیْ (افعال) فعل مضارع۔ آخر سے حرف علت کسی لغوی (Grammettcally) وجہ سے نہیں محض تخفیف کے لیے حذف کیا گیا ہے۔ ایسا بھی عربی زبان میں رائج ہے۔

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹-جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
نمبر 10074

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولقد يسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ

فہم قرآن انسٹیٹیوٹ

سیکنڈ فلور 36۔ ڈی لوئر مال نزد سول سیکرٹریٹ لاہور

فون:7320689-7242850

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ